12503- عورت کے لیے جرابیں پہننا افضل ہیں چاہے اس کا لباس پاؤں کو چھپا بھی رہا

سوال

اگر عورت کا عبایا اور برقع اتنا لمبا ہو کہ عورت کے پاؤں بھی چھپ جائیں تو کیا اس کے لیے جرابیں بھی پہننا واجب ہیں ؟

پسندیدہ جواب

مسلمان عورت سے مطلوب یہی ہے کہ وہ
اجنبی اور غیر محرم مردوں سے اپنا سارا جسم چھپا کر رکھے ، اسی لیے عورت کو اپنے
پاؤں چھپانے کے لیے اجازت دی گئی ہے کہ وہ اپنا لباس ٹخنوں سے ایک ہاتھ نیچے تک رکھ
سکتی ہے .

عورت کو یہ چاہیے کہ وہ اپنے پاؤں
چھپا کر رکھے ، یا تو اضافی کپڑے کے ساتھ ، یا پھر جرابیں پہن کر ، یا کسی اور طریقہ
سے ، چنانچہ جب عورت کے پاؤں چھپے ہوں تو پھر اس کے لیے جرابیں پہننا واجب نہیں .

لیکن اگر وہ پھر بھی جرابیں پہن لیتی
ہے تو یہ اس کے پردہ کے لیے بہت اچھا اور مستحسن اقدام ہے .

واللہ اعلم .